کر رہ گئے ۔ اور کہا گیا کہ ہائے افسوس ان بندوں پر

مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ

جب ان کے پاس کوئی رسول آتا ہے تو اس سے ٹھٹھا

Marfat.com

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٠﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا

ہی کرتے ہیں ۔ کیا انھوں نے نہ دیکھا ہم نے ان سے پہلے

قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا

کتنی سنگتیں ہلاک فرمائیں کہ وہ اب ان کی طرف پلٹنے والے

يَرْجِعُوْنَ ﴿٣١﴾ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا

نہیں ۔ اور جتنے بھی ہیں سب کے سب ہمارے حضور حاضر

مُحْضَرُوْنَ ﴿٣٢﴾ ع وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۖۚ ع ۲/۲ ۱

لائے جائیں گے اور ان کے لیے ایک نشانی مردہ زمین ہے

اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ

ہم نے اسے زندہ کیا اور پھر اس سے اناج نکالا تو اس میں سے

يَاْكُلُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ

کھاتے ہیں ۔ اور ہم نے اس میں باغ بنائے کھجوروں

نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ

اور انگوروں کے ۔ اور ہم نے اس میں کچھ چشمے

الْعُيُوْنِ ﴿٣٤﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ وَمَا عَمِلَتْهُ

بہائے کہ اس کے پھلوں میں سے کھائیں اور یہ ان کے ہاتھ

اَيْدِيْهِمْ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ سُبْحٰنَ الَّذِيْ

کے بنائے نہیں تو کیا حق نہ مانیں گے ۔ پاکی ہے اسے جس

خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ

نے سب جوڑے بنائے ان چیزوں سے جنھیں زمین اگاتی ہے

Marfat.com

وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَاٰيَةٌ

اور خود ان سے اور ان چیزوں سے جن کی انھیں خبر نہیں اور ان

لَّهُمُ الَّيْلُ ۚ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ

کے لیے ایک نشانی رات ہے۔ ہم اس پر سے دن کھینچ لیتے ہیں جبھی وہ

مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ

اندھیرے میں ہیں۔ اور سورج چلتا ہے اپنے ایک ٹھہراؤ کے لیے

لَّهَا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَالْقَمَرَ

یہ حکم ہے زبردست علم والے کا۔ اور چاند کے لیے

قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ

ہم نے منزلیں مقرر کیں یہاں تک کہ پھر ہو گیا جیسے

الْقَدِيْمِ ﴿۳۹﴾ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ

کھجور کی پرانی ڈال سورج کو نہیں پہنچتا کہ چاند کو

تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ۭ

پکڑ لے اور نہ رات دن پر سبقت لے جائے

وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ

اور ہر ایک ایک گھیرے میں تیر رہا ہے اور ان کے لیے ایک

اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾

نشانی یہ ہے کہ انھیں ان کے بزرگوں کی پیٹھ میں ہم نے بھری کشتی میں سوار کیا

وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾

اور ان کے لیے ویسی ہی کشتیاں بنا دیں جن پر سوار ہوتے ہیں

Marfat.com

وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ

اور ہم چاہیں تو انھیں ڈبو دیں تو نہ کوئی ان کی فریاد کو پہنچنے والا ہو اور نہ

يُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى

وہ بچائے جائیں ۔ مگر ہماری طرف کی رحمت اور ایک وقت تک

حِيْنٍ ﴿۴۴﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ

برتنے دینا ۔ اور جب ان سے فرمایا جاتا ہے ڈرو تم اس سے جو تمہارے

اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۵﴾

سامنے ہے اور جو تمہارے پیچھے آنے والا ہے اس امید پر کہ تم پر رحم ہو ۔

وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ

اور جب کبھی ان کے رب کی نشانیوں سے کوئی نشانی ان کے پاس آتی ہے

اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِذَا قِيْلَ

تو اس سے منہ ہی پھیر لیتے ہیں ۔ اور جب ان سے فرمایا

لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ قَالَ

جائے اللہ کے دیئے میں سے کچھ اس کی راہ میں خرچ کرو تو کافر

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنُطْعِمُ

مسلمانوں کے لیے کہتے ہیں کہ کیا ہم اسے کھلائیں جسے اللہ

مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗۤ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا

چاہتا تو کھلا دیتا ۔ تم تو نہیں مگر

فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۷﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا

کھلی گمراہی میں ۔ اور کہتے ہیں کب آئے گا یہ

Marfat.com

الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ مَا يَنْظُرُوْنَ

وعدہ اگر تم سچے ہو ۔ راہ نہیں دیکھتے

اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ

مگر ایک تیز چیخ کی کہ انھیں آ لے گی جبکہ وہ دنیا کے جھگڑے میں

يَخِصِّمُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً

پھنسے ہوں گے ۔ تو نہ وصیت کر سکیں گے اور نہ

ع ۱۸ ۲ وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَنُفِخَ فِي

اپنے گھر پلٹ کر جائیں ۔ اور پھونکا جائے گا

الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى

صور جبھی وہ قبروں سے اپنے رب کی طرف دوڑتے

رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ

چلیں گے ۔ کہیں گے ہائے ہماری خرابی کس نے ہمیں

وقف لازم وقف غفران وقف منزل بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ سکتہ هٰذَا مَا وَعَدَ

سوتے سے جگا دیا ۔ یہ ہے وہ جس کا رحمٰن نے وعدہ

الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۲﴾ اِنْ

دیا تھا اور رسولوں نے حق فرمایا ۔ وہ تو

كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ

نہ ہوگی مگر ایک چنگھاڑ جبھی وہ سب کے سب

لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ

ہمارے حضور حاضر ہو جائیں گے ۔ تو آج کسی جان پر کچھ ظلم

Marfat.com

نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ

نہ ہوگا اور تمہیں بدلہ نہ ملے گا مگر اپنے کیے

تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۴﴾ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ

کا ۔ بے شک جنت والے آج دل کے بہلاووں میں چین

فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿۵۵﴾ ج هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ

کرتے ہیں ۔ وہ اور ان کی بیبیاں سایوں

فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِــُٔوْنَ ﴿۵۶﴾ لَهُمْ

میں ہیں تختوں پر تکیہ لگائے ۔ ان کے لیے

فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿۵۷﴾ صلے ج سَلٰمٌ قف

اس میں میوہ ہے اور ان کے لیے ہے اس میں جو مانگیں ۔ ان پر سلام ہوگا

قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ

مہربان رب کا فرمایا ہوا ۔ اور آج الگ پھٹ جاؤ اے

اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ

مجرمو! اے اولادِ آدم! کیا میں نے تم سے

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ج اِنَّهٗ

عہد نہ لیا تھا کہ شیطان کو نہ پوجنا بے شک

لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۰﴾ لا وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ط

وقف غفران

وہ تمہارا کھلا دشمن ہے ۔ اور میری بندگی کرنا

هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ

یہ سیدھی راہ ہے اور بے شک اس نے تم میں سے

Marfat.com

جِبِلًّا كَثِيرًا ۖ أَفَلَمْ تَكُونُوا تَعْقِلُونَ ﴿٦٢﴾

بہت سی خلقت کو بہکا دیا تو کیا تمہیں عقل نہ تھی۔

هَٰذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِي كُنتُمْ تُوعَدُونَ ﴿٦٣﴾

یہ ہے وہ جہنم جس کا تم سے وعدہ تھا۔

اصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٦٤﴾

آج اسی میں جاؤ بدلہ اپنے کفر کا۔

الْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلَىٰ أَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا

آج ہم ان کے مونھوں پر مہر کر دیں گے اور ان کے ہاتھ

أَيْدِيهِمْ وَتَشْهَدُ أَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا

ہم سے بات کریں گے اور ان کے پاؤں اُن کے کیے کی

يَكْسِبُونَ ﴿٦٥﴾ وَلَوْ نَشَاءُ لَطَمَسْنَا عَلَىٰ أَعْيُنِهِمْ

گواہی دیں گے اور اگر ہم چاہتے تو ان کی آنکھیں مٹا دیتے

فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَأَنَّىٰ يُبْصِرُونَ ﴿٦٦﴾ وَلَوْ

پھر لپک کر رستہ کی طرف جاتے تو انہیں کچھ نہ سوجھتا۔ اور اگر

نَشَاءُ لَمَسَخْنَاهُمْ عَلَىٰ مَكَانَتِهِمْ فَمَا

ہم چاہتے تو ان کے گھر بیٹھے ان کی صورتیں بدل دیتے، نہ

ع ۴ ۱۷ ۲ اسْتَطَاعُوا مُضِيًّا وَلَا يَرْجِعُونَ ﴿٦٧﴾ وَمَنْ

آگے بڑھ سکتے نہ پیچھے لوٹتے۔ اور جسے ہم

نُعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ۖ أَفَلَا يَعْقِلُونَ ﴿٦٨﴾

بڑی عمر کا کریں اسے پیدائش میں اُلٹا پھیریں تو کیا سمجھتے نہیں۔

Marfat.com

وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ؕ اِنْ

اور ہم نے ان کو شعر کہنا نہ سکھایا اور نہ وہ ان کی شان کے لائق ہے وہ تو

هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ۙ﴿۶۹﴾ لِّيُنْذِرَ

نہیں مگر نصیحت اور روشن قرآن۔ کہ اسے ڈرائے

مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى

جو زندہ ہو، اور کافروں پر بات ثابت ہو

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۰﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ

جائے۔ کیا انھوں نے نہ دیکھا کہ ہم نے اپنے ہاتھ کے

مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَاۤ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا

بنائے ہوئے چوپائے ان کے لیے پیدا کیے تو یہ ان کے

مٰلِكُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ

مالک ہیں۔ اور انھیں ان کے لیے نرم کر دیا تو کسی پر سوار

وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ

ہوتے ہیں اور کسی کو کھاتے ہیں۔ اور ان کے لیے ان میں کئی طرح کے نفع

وَمَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾ وَاتَّخَذُوْا مِنْ

اور پینے کی چیزیں ہیں تو کیا شکر نہ کریں گے۔ اور انھوں نے اللہ کے

دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۷۴﴾ ؕ لَا

سوا اور خدا ٹھہرا لیے کہ شاید ان کی مدد ہو، وہ

يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ

ان کی مدد نہیں کر سکتے اور وہ ان کے لشکر سب گرفتار

Marfat.com

مُحْضَرُوْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَا یَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا

حاضر آئیں گے ۔ تو تم ان کی بات کا غم نہ کرو بیشک

نَعْلَمُ مَا یُسِرُّوْنَ وَمَا یُعْلِنُوْنَ ﴿۷۶﴾ اَوَلَمْ

ہم جانتے ہیں جو وہ چھپاتے ہیں اور ظاہر کرتے ہیں اور کیا آدمی

یَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ

نے نہ دیکھا کہ ہم نے اسے پانی کی بوند سے بنایا ۔ جبھی وہ

فَاِذَا هُوَ خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ ﴿۷۷﴾ وَضَرَبَ لَنَا

صریح جھگڑالو ہے ۔ اور ہمارے لیے کہاوت

مَثَلًا وَّنَسِیَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ یُّحْیِ

کہتا ہے اور اپنی پیدائش بھول گیا بولا ایسا کون ہے جو ہڈیوں

الْعِظَامَ وَهِیَ رَمِیْمٌ ﴿۷۸﴾ قُلْ یُحْیِیْهَا

کو زندہ کرے جب وہ بالکل گل گئیں ۔ تم فرماؤ انھیں وہ زندہ

الَّذِیْۤ اَنْشَاَهَاۤ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ

کرے گا جس نے پہلی بار انھیں بنایا ۔ اور اسے ہر پیدائش کا

خَلْقٍ عَلِیْمُ ۙ ﴿۷۹﴾ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ

علم ہے ۔ جس نے تمہارے لیے ہرے پیڑ میں سے

الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَاۤ اَنْتُمْ مِّنْهُ

آگ پیدا کی ، جبھی تم اس سے سلگاتے

تُوْقِدُوْنَ ﴿۸۰﴾ اَوَلَیْسَ الَّذِیْ خَلَقَ

ہو ۔ اور کیا وہ جس نے آسمان اور زمین

Marfat.com

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ

بنا اور نہیں جیسے ان بنائے

يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰى ۗ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿٨١﴾

سکتا کیوں نہیں اور وہی ہے بڑا پیدا کرنے والا سب کچھ جانتا

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ

اس کا کام تو یہی ہے کہ جب کسی چیز کو چاہے تو اس سے

كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٨٢﴾ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ

فرمائے ہو جا وُہ فوراً ہو جاتی ہے۔ تو پاکی ہے اسے جس کے ہاتھ

مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٨٣﴾

ہر چیز کا قبضہ ہے اور اسی کی طرف پھیرے جاؤ گے۔

فضائل سورۃ محمدؐ

یہ سُورت بڑی بابرکت ہے کیونکہ یہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام کی طرف منسوب ہے۔ جو شخص روزانہ اس سورہ کو ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ گرامی سے محبت پیدا ہو جائے گی کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت اصل دین ہے اور جسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت حاصل ہو جائے وُہ سمجھے کہ اسے دنیا کی بڑی سعادت حاصل ہو گئی۔

اگر کوئی شخص اسے نمازِ تہجد کے بعد تین سال تک پڑھنے کا بلاناغہ معمول بنائے تو اسے دُنیا میں بے پناہ عزت حاصل ہو گی اور جہاں بھی جائے لوگ اسے رفعت کی نگاہ سے دیکھیں گے گویا کہ گھر بار میں اسے ہر لحاظ سے بلند مرتبہ حاصل ہو گا۔

Marfat.com

سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ مَّدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ محمد ﷺ مدینہ میں نازل ہوئی اور اس کی اڑتیس آیات اور چار رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا۔

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

جنہوں نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے روکا اللہ نے ان کے

اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

عمل برباد کئے اور جو ایمان لائے اور اچھے کام

الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ

کئے اور اس پر ایمان لائے جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر اتارا گیا

وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ

اور وہی ان کے رب کے پاس سے حق ہے اللہ نے ان کی برائیاں اتار دیں

وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ﴿۲﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا

اور ان کی حالتیں سنوار دیں یہ اس لیے کہ کافر باطل کے پیرو

اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا

ہوئے اور ایمان والوں نے حق کی پیروی کی جو ان کے

الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ

رب کی طرف سے ہے اللہ لوگوں سے ان کے احوال یونہی

لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ﴿۳﴾ فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

بیان فرماتا ہے تو جب کافروں سے تمہارا سامنا ہو تو گردنیں

Marfat.com

فَضَرْبَ الرِّقَابِ ؕ حَتّٰىٓ اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ

مارنا ہے۔ یہاں تک کہ جب انھیں خوب قتل کر لو تو

فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۙ فَاِمَّا مَنًّاۢ بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً

مضبوط باندھو پھر اس کے بعد چاہے احسان کر کے چھوڑ دو چاہے فدیہ

حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۛ ۚ ذٰلِكَ ؕ وَلَوْ

لے لو یہاں تک کہ لڑائی اپنا بوجھ رکھ دے بات یہ ہے اور اللہ

يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا۠

چاہتا تو آپ ہی ان سے بدلہ لیتا مگر اس لیے کہ تم میں ایک

بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ

کو دوسرے سے جانچے اور جو اللہ کی راہ میں مارے گئے

اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝٤ سَيَهْدِيْهِمْ

اللہ ہرگز ان کے عمل ضائع نہ فرمائے گا جلد انھیں راہ دے گا

وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝٥ ۚ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا

اور ان کا کام بنا دے گا اور انھیں جنت میں لے جائے گا انھیں اس کی

لَهُمْ ۝٦ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تَنْصُرُوا

پہچان کرا دی ہے اے ایمان والو اگر تم دین خدا کی مدد کرو گے

اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ۝٧ وَالَّذِيْنَ

اللہ تمھاری مدد کرے گا اور تمھارے قدم جما دے گا اور جنھوں نے

كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝٨ ذٰلِكَ

کفر کیا تو ان پر تباہی پڑے اور اللہ ان کے اعمال برباد کرے یہ اس لیے

مع ١٣
وقف بینک القول ذلک وکلمہ لکن حسن
الفصل بما قبلہ ووقف علی ذلک ١٢

Marfat.com

بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ⑨

کہ انھیں ناگوار ہوا جو اللہ نے اتارا تو اللہ نے ان کا کیا دھرا اکارت کیا

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ

تو کیا انھوں نے زمین میں سفر نہ کیا کہ دیکھتے ان سے اگلوں

كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ دَمَّرَ اللّٰهُ

کا کیسا انجام ہوا اللہ نے ان پر

عَلَيْهِمْ ؗ وَلِلْكٰفِرِيْنَ اَمْثَالُهَا ⑩ ذٰلِكَ بِاَنَّ

تباہی ڈالی اور ان کافروں کے لیے بھی ویسی کتنی ہی ہیں یہ اس لیے کہ

اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ

مسلمانوں کا مولیٰ اللہ ہے اور کافروں کا کوئی مولیٰ

لَا مَوْلٰى لَهُمْ ⑪ ع اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ ع ۱۱ / ۱ / ۵

نہیں ۔ بے شک اللہ داخل فرمائے گا انھیں جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

ایمان لائے اور اچھے کام کیے باغوں میں

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

جن کے نیچے نہریں رواں اور کافر

يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ

برتتے ہیں اور کھاتے ہیں جیسے چوپائے کھائیں

وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ⑫ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ

اور آگ میں ان کا ٹھکانا ہے اور کتنے ہی شہر کہ اس شہر

Marfat.com

هِيَ أَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ أَخْرَجَتْكَ ۚ

سے قوت میں زیادہ تھے جس نے تمہیں تمہارے شہر سے باہر کیا

أَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿۱۳﴾ أَفَمَنْ كَانَ

ہم نے انھیں ہلاک فرمایا تو ان کا کوئی مددگار نہیں تو کیا جو اپنے رب کی طرف

عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ

سے روشن دلیل پر ہو اس جیسا ہو گا جس کے بُرے عمل اسے بھلے دکھائے

عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْٓا أَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ

گئے اور وہ اپنی خواہشوں کے پیچھے چلے۔ احوال اس جنت کا جس کا

الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ فِيْهَآ أَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ

وعدہ پرہیزگاروں سے ہے اس میں ایسی پانی کی نہریں ہیں

غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَأَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ

جو کبھی نہ بگڑیں اور ایسی دودھ کی نہریں ہیں جس کا مزہ نہ بدلے

وَأَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَأَنْهٰرٌ

اور ایسی شراب کی نہریں ہیں جس کے پینے میں لذت ہے اور ایسی شہد

مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۭ وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ

کی نہریں ہیں جو صاف کیا گیا اور ان کے لیے اس میں ہر قسم کے

الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَمَنْ هُوَ

پھل ہیں اور اپنے رب کی مغفرت کیا ایسے چین والے ان

خٰلِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ

کے برابر ہو جائیں گے جنھیں ہمیشہ آگ میں رہنا اور انھیں کھولتا ہوا پانی پلایا جائے

Marfat.com

اَمۡعَآءَهُمۡ ﴿۱۵﴾ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّسۡتَمِعُ اِلَيۡكَ ۚ

کہ آنتوں کے ٹکڑے ٹکڑے کردے اور ان میں سے بعض تمہارے ارشاد سنتے ہیں

حَتّٰٓى اِذَا خَرَجُوۡا مِنۡ عِنۡدِكَ قَالُوۡا

یہاں تک کہ جب تمہارے پاس سے نکل کر جائیں علم والوں سے

لِلَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ۟ قف

کہتے ہیں ابھی انہوں نے کیا فرمایا

اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوۡبِهِمۡ

یہ ہیں وہ جن کے دلوں پر اللہ نے مہر کردی

وَاتَّبَعُوۡٓا اَهۡوَآءَهُمۡ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيۡنَ اهۡتَدَوۡا

اور اپنی خواہشوں کے تابع ہوئے اور جنہوں نے راہ پائی

زَادَهُمۡ هُدًى وَّاٰتٰٮهُمۡ تَقۡوٰٮهُمۡ ﴿۱۷﴾ فَهَلۡ

اللہ نے ان کی ہدایت اور زیادہ فرمائی اور ان کی پرہیزگاری انہیں عطا فرمائی

يَنۡظُرُوۡنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنۡ تَاۡتِيَهُمۡ بَغۡتَةً ۚ

تو کاہے کے انتظار میں ہیں مگر قیامت کے کہ ان پر اچانک آجائے

فَقَدۡ جَآءَ اَشۡرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمۡ اِذَا جَآءَتۡهُمۡ

کہ اس کی علامتیں تو آ ہی چکی ہیں پھر جب وہ آجائے گی تو کہاں وہ اور

ذِكۡرٰٮهُمۡ ﴿۱۸﴾ فَاعۡلَمۡ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

کہاں ان کا سمجھنا تو جان لو کہ اللہ کے سوا کسی کی بندگی نہیں

وَاسۡتَغۡفِرۡ لِذَنۡۢبِكَ وَلِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَالۡمُؤۡمِنٰتِ ؕ

اور اے محبوب اپنے خاصوں اور عام مسلمان مردوں اور عورتوں کے گناہوں کی معافی مانگو

Marfat.com

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ﴿١٩﴾ وَيَقُوْلُ ع ۸ ۲

اور اللہ جانتا ہے دن کو تمہارا پھرنا اور رات کو تمہارا آرام لینا اور مسلمان کہتے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ

ہیں کوئی سورت کیوں نہ اتاری گئی ۔ پھر جب

اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ

کوئی پختہ سورت اتاری گئی اور اس میں جہاد کا حکم فرمایا گیا

رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ

تو تم دیکھو گے انھیں جن کے دلوں میں بیماری ہے کہ تمہاری طرف

اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۭ

ان کا دیکھنا دیکھتے ہیں، جس پر مردنی چھائی ہو

فَاَوْلٰى لَهُمْ ۚ ﴿٢٠﴾ طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ ۣ قف

تو ان کے حق میں بہتر یہ تھا کہ فرمانبرداری کرتے اور اچھی بات کہتے ۔

فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ ۣ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ

پھر جب حکم ناطق ہو چکا ، تو اگر اللہ سے سچے رہتے تو ان کا

خَيْرًا لَّهُمْ ۚ ﴿٢١﴾ فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ

بھلا تھا تو کیا تمہارے یہ چھن نظر آتے ہیں کہ اگر تمہیں حکومت

اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا

ملے تو زمین میں فساد پھیلاؤ اور اپنے رشتے

اَرْحَامَكُمْ ﴿٢٢﴾ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ

کاٹ دو ۔ یہ ہیں وہ لوگ جن پر اللہ نے لعنت کی اور

Marfat.com

فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ﴿۲۳﴾ اَفَلَا

انھیں حق سے بہرا کر دیا اور ان کی آنکھیں پھوڑ دیں ۔ تو کیا وہ

يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ

قرآن کو سوچتے نہیں یا بعضے دلوں پر ان کے قفل

اَقْفَالُهَا ﴿۲۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى

لگے ہیں بے شک وہ جو اپنے پیچھے پلٹ گئے

اَدْبَارِهِمْ مِّنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ

بعد اس کے کہ ہدایت ان پر کھل چکی تھی

الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ ۭ وَاَمْلٰى لَهُمْ ﴿۲۵﴾ ذٰلِكَ

شیطان نے انھیں فریب دیا اور انھیں دنیا میں مدتوں رہنے کی امید دلائی یہ

بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ

اس لیے کہ انھوں نے کہا ان لوگوں سے جنھیں اللہ کا اتارا ہوا ناگوار ہے

سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

ایک کام میں ہم تمھاری مانیں گے اور اللہ ان کی چھپی ہوئی

اِسْرَارَهُمْ ﴿۲۶﴾ فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ

جانتا ہے ۔ تو کیسا ہوگا جب فرشتے ان کی روح قبض کریں گے

يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ﴿۲۷﴾ ذٰلِكَ

ان کے منہ اور ان کی پیٹھیں مارتے ہوئے ۔ یہ اس لیے کہ

بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ وَكَرِهُوْا

وہ ایسی بات کے تابع ہوئے جس میں اللہ کی ناراضی ہے اور اس کی

Marfat.com

رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿٢٨﴾ ع اَمْ حَسِبَ ع ٣ / ٩ / ٧

خوشی انھیں گوارا نہ ہوئی تو اس نے ان کے عمل اکارت کر دیئے ۔ کیا جن کے

الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ

دلوں میں بیماری ہے اس گھمنڈ میں ہیں کہ اللہ ان کے چھپے

اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ﴿٢٩﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ

بیر ظاہر نہ فرمائے گا اور اگر ہم چاہیں تو تمھیں ان کو دکھا دیں

فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ؕ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ

کہ تم ان کی صورت سے پہچان لو اور ضرور تم انھیں بات کے اسلوب میں

الْقَوْلِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿٣٠﴾ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ

پہچان لوگے اور اللہ تمھارے عمل جانتا ہے ۔ اور ضرور ہم تمھیں جانچیں گے

حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ

یہاں تک کہ دیکھ لیں تمھارے جہاد کرنے والوں اور صابروں کو

وَنَبْلُوَاۡ اَخْبَارَكُمْ ﴿٣١﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اور تمھاری خبریں آزمالیں ۔ بے شک وہ جنھوں نے کفر کیا

وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا الرَّسُوْلَ

اور اللہ کی راہ سے روکا اور رسول کی مخالفت کی

مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى ۙ لَنْ

بعد اس کے کہ ہدایت ان پر ظاہر ہو چکی تھی وہ ہرگز

يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْــًٔا ؕ وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ﴿٣٢﴾

اللہ کو کچھ نقصان نہ پہنچائیں گے اور بہت جلد اللہ ان کا کیا دھرا اکارت کر دے گا ۔

Marfat.com

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ

اے ایمان والو اللہ کا حکم مانو

وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْۤا اَعْمَالَكُمْ ۝۳۳

اور رسول کا حکم مانو اور اپنے عمل باطل نہ کرو

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ

بے شک جنھوں نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے

اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَّغْفِرَ

روکا پھر کافر ہی مر گئے تو اللہ ہرگز انھیں

اللّٰهُ لَهُمْ ۝۳۴ فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْۤا اِلَى السَّلْمِ ۖۗ

نہ بخشے گا تو تم سستی نہ کرو اور آپ صلح کی طرف نہ بلاؤ

وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۖۗ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ

اور تم ہی غالب آؤ گے اور اللہ تمھارے ساتھ ہے اور وہ ہرگز

يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ۝۳۵ اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا

تمھارے اعمال میں تمھیں نقصان نہ دے گا۔ دنیا کی زندگی تو یہی کھیل

لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ

کود ہے۔ اور اگر تم ایمان لاؤ اور پرہیزگاری کرو تو وہ تم

اُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ۝۳۶ اِنْ

کو تمھارے ثواب عطا فرمائے گا اور کچھ تم سے تمھارے مال نہ مانگے گا اگر انھیں

يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ

تم سے طلب کرے اور زیادہ طلب کرے تو تم بخل کرو گے اور وہ بخل تمھارے دلوں

Marfat.com

اَضْغَانَكُمْ ﴿۳۷﴾ هٰاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ

کے میل ظاہر کر دے گا ہاں ہاں یہ جو تم ہو بلائے جاتے ہو کہ اللہ کی راہ

لِتُنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ

میں خرچ کرو تو تم میں کوئی بخل کرتا ہے

یَّبْخَلُ ۚ وَمَنْ یَّبْخَلْ فَاِنَّمَا یَبْخَلُ عَنْ

اور جو بخل کرے وہ اپنی ہی جان پر بخل کرتا

نَّفْسِهٖ ؕ وَاللّٰهُ الْغَنِیُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ۚ

ہے اور اللہ بے نیاز ہے اور تم سب محتاج

وَاِنْ تَتَوَلَّوْا یَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَیْرَكُمْ ۙ

اور اگر تم منہ پھیرو تو وہ تمہارے سوا اور لوگ بدل لے گا

ثُمَّ لَا یَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ﴿۳۸﴾ ع ع ۴ ۸

پھر وہ تم جیسے نہ ہوں گے۔

فضائلِ سُورۂ فتح

یہ سُورت ہر کام میں فتح کے لیے اکسیر ہے خاص کر دشمنانِ دین پر غلبہ پانے کے لیے بہت ہی لاجواب ہے۔ اس سُورت کی فضیلت کے بارے میں چند روایات حسبِ ذیل ہیں۔

حدیث۔ ۱ ابنِ سعد نے مجمع بن جاریہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ جب جبریل علیہ السلام اس سُورت کو لے کر آئے تو عرض

Marfat.com

کی کہ یہ سورت آپ کو مبارک ہو۔ جبریل کی مبارکباد کے بعد صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے بھی آپ کو مبارک باد دی۔ (بخاری شریف)

سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ فتح مدنی ہے اور اس میں انتیس آیات اور چار رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا۔

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝١ لِّيَغْفِرَ

بے شک ہم نے تمہارے لیے روشن فتح فرما دی، تاکہ اللہ تمہارے

لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا

سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے اور تمہارے پچھلوں کے اور

تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ

اپنی نعمتیں تم پر تمام کر دے اور تمہیں سیدھی

صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝٢ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا

راہ دکھا دے، اور اللہ تمہاری زبردست مدد

عَزِيْزًا ۝٣ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ

فرمائے وہی ہے جس نے ایمان والوں کے دلوں میں

قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ

اطمینان اتارا تاکہ انہیں یقین پر یقین

اِيْمَانِهِمْ ۭ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

بڑھے اور اللہ ہی کی ملک ہیں تمام لشکر آسمانوں اور زمین کے

Marfat.com

وَّكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۴﴾ لِّيُدْخِلَ
اور اللہ علم و حکمت والا ہے۔ تاکہ ایمان والے
الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ
مردوں اور ایمان والی عورتوں کو باغوں میں لے جائے
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ
جن کے نیچے نہریں رواں ہمیشہ ان میں رہیں اور ان کی برائیاں
عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ
ان سے اتار دے اور یہ اللہ کے یہاں
فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿۵﴾ وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ
بڑی کامیابی ہے اور عذاب دے منافق مردوں
وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ
اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک
الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ
عورتوں کو جو اللہ پر گمان رکھتے ہیں انہیں پر ہے
دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ
بُری گردش اور اللہ نے ان پر غضب فرمایا
وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۶﴾
اور انہیں لعنت کی اور ان کے لیے جہنم تیار فرمایا اور وہ کیا ہی بُرا انجام ہے
وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ
اور اللہ ہی کی ملک ہیں آسمانوں اور زمین کے سب لشکر اور اللہ

Marfat.com

اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ⑦ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا

عزت و حکمت والا ہے بے شک ہم نے تمہیں بھیجا حاضر و ناظر

وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا ⑧ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ

اور خوشی و ڈر سناتا تاکہ اے لوگو تم اللہ اور اس کے رسول

وَ رَسُوْلِهٖ وَ تُعَزِّرُوْهُ وَ تُوَقِّرُوْهُ ؕ وَ تُسَبِّحُوْهُ

پر ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم و توقیر کرو اور صبح و شام

بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا ⑨ اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ

اللہ کی پاکی بولو وہ جو تمہاری بیعت کرتے ہیں وہ تو

اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ

اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے

فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ

تو جس نے عہد کو توڑا اس نے اپنے بڑے عہد کو توڑا

وَ مَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ

اور جس نے پورا کیا وہ عہد جو اس نے اللہ سے کیا تھا تو بہت جلد اللہ اسے

ع ١ ١٠ ٩ اَجْرًا عَظِيْمًا ⑩ ع سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ

بڑا ثواب دے گا۔ اب تم سے کہیں گے جو گنوار پیچھے رہ گئے

مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَ اَهْلُوْنَا

تھے کہ ہمیں ہمارے مال اور ہمارے گھر والوں نے جانے سے مشغول رکھا

فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ

اب حضور ہماری مغفرت چاہیں اپنی زبانوں سے وہ بات کہتے ہیں جو ان کے دلوں

Marfat.com

فِي قُلُوبِهِمْ ۚ قُلْ فَمَنْ يَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ

میں نہیں تم فرماؤ تو اللہ کے سامنے کسے تمہارا کچھ اختیار ہے

اللَّهِ شَيْئًا إِنْ أَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا أَوْ أَرَادَ بِكُمْ

اگر وہ تمہارا برا چاہے یا تمہاری بھلائی کا ارادہ

نَفْعًا ۚ بَلْ كَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ۱۱

فرمائے بلکہ اللہ کو تمہارے کاموں کی خبر ہے

بَلْ ظَنَنْتُمْ أَنْ لَنْ يَنْقَلِبَ الرَّسُولُ

بلکہ تم تو سمجھے ہوئے تھے کہ رسول

وَالْمُؤْمِنُونَ إِلَىٰ أَهْلِيهِمْ أَبَدًا وَزُيِّنَ

اور مسلمان ہرگز گھروں کو واپس نہ آئیں گے اور اسی کو اپنے دلوں

ذَٰلِكَ فِي قُلُوبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۚ

میں بھلا سمجھے ہوئے تھے اور تم نے برا گمان کیا

وَكُنْتُمْ قَوْمًا بُورًا ۱۲ وَمَنْ لَمْ يُؤْمِنْ

اور تم ہلاک ہونے والے لوگ تھے اور جو ایمان نہ لائے اللہ

بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ فَإِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ

اور اس کے رسول پر بیشک ہم نے کافروں کے لئے بھڑکتی آگ تیار

سَعِيرًا ۱۳ وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ

کر رکھی ہے اور اللہ ہی کے لیے ہے آسمانوں اور زمین کی سلطنت

يَغْفِرُ لِمَنْ يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَشَاءُ ۚ

جسے چاہے بخشے اور جسے چاہے عذاب کرے

Marfat.com

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۴﴾ سَيَقُوْلُ

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اب کہیں گے

الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ

پیچھے بیٹھ رہنے والے جب تم غنیمتیں لینے چلو تو ہمیں بھی

لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ۚ يُرِيْدُوْنَ

اپنے پیچھے آنے دو وہ چاہتے ہیں اللہ کا

اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا

کلام بدل دیں تم فرماؤ ہرگز تم ہمارے ساتھ نہ آؤ اللہ

كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ

نے پہلے سے یونہی فرما دیا ہے تو اب کہیں گے

بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ؕ بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ

بلکہ تم ہم سے جلتے ہو بلکہ وہ بات نہ سمجھتے تھے

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵﴾ قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ

مگر تھوڑی ان پیچھے رہ گئے ہوئے گنواروں سے فرماؤ عنقریب

سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ

تم ایک سخت لڑائی والی قوم کی طرف بلائے جاؤ گے کہ ان

تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ فَاِنْ تُطِيْعُوْا

سے لڑو یا وہ مسلمان ہو جائیں پھر اگر تم فرمان مانو

يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا

گے اللہ تمہیں اچھا ثواب دے گا اور اگر پھر جاؤ گے جیسے

Marfat.com

تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿۱۶﴾

پہلے پھر گئے تو تمہیں دردناک عذاب دے گا۔

لَيْسَ عَلَى الْأَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْأَعْرَجِ

اندھے پر تنگی نہیں اور نہ لنگڑے پر مضائقہ

حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ

اور نہ بیمار پر مؤاخذہ اور جو اللہ اور اس

اللّٰهَ وَرَسُولَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِي مِنْ

کے رسول کا حکم مانے اللہ اسے باغوں میں لے جائے گا

تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا

جن کے نیچے نہریں رواں اور جو پھر جائے گا اسے دردناک عذاب

أَلِيمًا ﴿۱۷﴾ ع لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ ع ۲ ۱۰

فرمائے گا بے شک اللہ راضی ہوا ایمان والوں سے جب وہ

إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِي

اس پیڑ کے نیچے تمہاری بیعت کرتے تھے تو اللہ نے جانا جو ان کے

قُلُوبِهِمْ فَأَنْزَلَ السَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ

دلوں میں ہے تو ان پر اطمینان اتارا

وَأَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيبًا ﴿۱۸﴾ لا وَّمَغَانِمَ كَثِيرَةً

اور انھیں جلد آنے والی فتح کا انعام دیا۔ اور بہت سی غنیمتیں

يَّأْخُذُونَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيزًا حَكِيمًا ﴿۱۹﴾

جن کو لیں اور اللہ عزت و حکمت والا ہے۔

Marfat.com

وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا

اور اللہ نے تم سے وعدہ کیا ہے بہت سی غنیمتوں کا کہ تم لوگے

فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ

تو تمہیں یہ جلد عطا فرما دی اور لوگوں کے ہاتھ تم سے روک

عَنْكُمْ ۚ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

دیئے اور اس لیے کہ ایمان والوں کے لیے نشانی ہو

وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿٢٠﴾ وَّاُخْرٰى

اور تمہیں سیدھی راہ دکھا دے ۔ اور ایک اور جو

لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ۭ

تمہارے بل کی نہ تھی وہ اللہ کے قبضہ میں ہے

وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴿٢١﴾

اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے ۔

وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ

اور اگر کافر تم سے لڑیں تو ضرور تمہارے مقابلہ سے پیٹھ پھیر دیں گے

ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿٢٢﴾ سُنَّةَ

پھر کوئی حمایتی نہ پائیں گے نہ مددگار اللہ کا دستور

اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ښ وَلَنْ

ہے کہ پہلے سے چلا آتا ہے اور ہرگز تم اللہ کا

تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿٢٣﴾ وَهُوَ الَّذِيْ

دستور بدلتا نہ پاؤ گے اور وہی ہے جس

Marfat.com

كَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ عَنْهُم

نے ان کے ہاتھ تم سے روک دیئے اور تمہارے ہاتھ ان سے روک دیئے

بِبَطْنِ مَكَّةَ مِن بَعْدِ أَنْ أَظْفَرَكُمْ

وادیٔ مکہ میں بعد اس کے کہ تمہیں ان پر قابو دے دیا

عَلَيْهِمْ ۚ وَكَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرًا ﴿٢٤﴾

تھا اور اللہ تمہارے کام دیکھتا ہے ۔

هُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوكُمْ عَنِ

وہ وہ ہیں جنہوں نے کفر کیا اور تمہیں

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوفًا

مسجد حرام سے روکا اور قربانی کے جانور رکے پڑے

أَن يَبْلُغَ مَحِلَّهُ ۚ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُونَ

اپنی جگہ پہنچنے سے اور اگر یہ نہ ہوتا کچھ مسلمان مرد اور

وَنِسَاءٌ مُّؤْمِنَاتٌ لَّمْ تَعْلَمُوهُمْ أَن تَطَئُوهُمْ

کچھ مسلمان عورتیں جن کی تمہیں خبر نہیں کہیں تم انہیں روند ڈالو

فَتُصِيبَكُم مِّنْهُم مَّعَرَّةٌ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ لِّيُدْخِلَ

تو تمہیں ان کی طرف سے انجانے میں کوئی مکروہ پہنچے تو ہم تمہیں ان کے قتال کی اجازت دیتے

اللَّهُ فِي رَحْمَتِهِ مَن يَشَاءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوا

ان کا یہ بچاؤ اس لیے ہے کہ اللہ اپنی رحمت میں داخل کرے جسے چاہے اگر وہ جدا

لَعَذَّبْنَا الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿٢٥﴾

ہو جاتے تو ضرور ہم ان میں کے کافروں کو دردناک عذاب دیتے ۔

Marfat.com

إِذْ جَعَلَ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي قُلُوبِهِمُ الْحَمِيَّةَ

جب کہ کافروں نے اپنے دل میں اڑ رکھی وہی زمانہ جاہلیت کی

حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَأَنْزَلَ اللَّهُ سَكِينَتَهُ

اڑ تو اللہ نے اپنا اطمینان اپنے

عَلَىٰ رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَأَلْزَمَهُمْ

رسول اور ایمان والوں پر اتارا اور

كَلِمَةَ التَّقْوَىٰ وَكَانُوا أَحَقَّ بِهَا وَأَهْلَهَا ۚ

پرہیزگاری کا کلمہ ان پر لازم فرمایا اور وہ اس کے زیادہ سزاوار اور اسکے اہل تھے

ع ۳ ۹ ۱۱ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ﴿٢٦﴾ ع لَقَدْ

اور اللہ سب کچھ جانتا ہے ۔ بے شک اللہ نے

صَدَقَ اللَّهُ رَسُولَهُ الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ ۖ

سچ کر دیا اپنے رسول کا سچا خواب

لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ إِنْ شَاءَ

بے شک تم ضرور مسجد حرام میں داخل ہوگے اگر اللہ چاہے

اللَّهُ آمِنِينَ مُحَلِّقِينَ رُءُوسَكُمْ وَمُقَصِّرِينَ

امن و امان سے اپنے سروں کے بال منڈاتے یا ترشواتے

لَا تَخَافُونَ ۖ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوا فَجَعَلَ

بے خوف تو اس نے جانا جو تمہیں معلوم نہیں تو اس سے

مِنْ دُونِ ذَٰلِكَ فَتْحًا قَرِيبًا ﴿٢٧﴾ هُوَ

پہلے ایک نزدیک آنے والی فتح رکھی وہی ہے

Marfat.com

هُوَ الَّذِیۡۤ اَرۡسَلَ رَسُوۡلَهٗ بِالۡهُدٰی وَدِیۡنِ
جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا
الۡحَقِّ لِیُظۡهِرَهٗ عَلَی الدِّیۡنِ کُلِّهٖ ؕ
کہ اسے سب دینوں پر غالب کرے۔
وَکَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیۡدًا ﴿۲۸﴾ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ ؕ
اور اللہ کافی ہے گواہ۔ محمد اللہ کے رسول ہیں
وَالَّذِیۡنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَی الۡکُفَّارِ
اور ان کے ساتھ والے کافروں پر سخت ہیں
رُحَمَآءُ بَیۡنَهُمۡ تَرٰىهُمۡ رُکَّعًا سُجَّدًا
اور آپس میں نرم دل تو انہیں دیکھے گا رکوع کرتے سجدے میں گرتے
یَّبۡتَغُوۡنَ فَضۡلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضۡوَانًا ۫
اللہ کا فضل و رضا چاہتے
سِیۡمَاهُمۡ فِیۡ وُجُوۡهِهِمۡ مِّنۡ اَثَرِ السُّجُوۡدِ ؕ
ان کی علامت ان کے چہروں میں ہے سجدوں کے نشان سے۔
ذٰلِکَ مَثَلُهُمۡ فِی التَّوۡرٰىةِ ۚۖۛ وَمَثَلُهُمۡ
یہ ان کی صفت توریت میں ہے اور ان کی
فِی الۡاِنۡجِیۡلِ ۚ۟ۛ کَزَرۡعٍ اَخۡرَجَ شَطۡـَٔهٗ
صفت انجیل میں جیسے ایک کھیتی اس نے اپنا پٹھا نکالا
فَاٰزَرَهٗ فَاسۡتَغۡلَظَ فَاسۡتَوٰی عَلٰی سُوۡقِهٖ
پھر اسے طاقت دی پھر دبیز ہوئی پھر اپنی ساق پر سیدھی کھڑی ہوئی

معانقة ١٥

Marfat.com

يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۭ

کسانوں کو بھلی لگتی ہے تاکہ ان سے کافروں کے دل جلیں ۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

اللہ نے وعدہ کیا ان سے جو ان میں ایمان اور

الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا

اچھے کاموں والے ہیں بخشش اور بڑے

عَظِيْمًا ۲۹ ع

ثواب کا ۔

ع ۴ ۱۲

فضائلِ سُورۂ قٓ

اس سُورت کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اکثر پڑھا کرتے تھے، بعض اوقات جمعہ کے خطبہ میں بھی اس کی آیاتِ مبارکہ کو پڑھتے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسے فجر کی پہلی رکعت میں بھی کبھی کبھار پڑھتے اس لیے یہ وہ سُورت ہے جسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زیادہ تر پڑھا ہے۔

جو کوئی سُورۂ قٓ کو تین بار پڑھ کر سُرمہ پر دَم کر کے اپنی آنکھوں میں ڈالتا رہے گا، اس کی بصارت میں ضعف نہیں آئے گا۔

اگر کوئی شخص کہیں پر نیا ملازم ہُوا ہو یا کہیں سے بدل کر آیا ہو اور دُوسرے لوگ اس کے آنے سے ناراض ہوں بلکہ اسے تنگ کر کے بھگانے کی ترکیبیں سوچتے ہوں تو ان حالات میں اس شخص کو چاہیئے کہ اس سُورت کو گیارہ روز تک روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھے اِن شاء اللہ تمام عملہ کا ہر فرد دوست بن جائے گا اور ہر کوئی زیر ہو کر راضی ہو جائے گا۔

Marfat.com

سُوْرَةُ قٓ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ ق مکی ہے اور اس میں پینتالیس آیات اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا۔

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۚ ﴿۱﴾ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ

عزت والے قرآن کی قسم بلکہ انھیں اس کا اچنبھا

جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ

ہوا کہ ان کے پاس انھی میں کا ایک ڈر سنانے والا تشریف لایا تو کافر بولے

هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ۚ ﴿۲﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا

یہ تو عجیب بات ہے۔ کیا جب ہم مرجائیں اور مٹی ہو

تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجْعٌ ۢ بَعِيْدٌ ﴿۳﴾ قَدْ عَلِمْنَا مَا

جائیں گے پھر جئیں گے یہ پلٹنا دور ہے ہم جانتے ہیں جو کچھ زمین

تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ

ان میں سے گھٹاتی ہے اور ہمارے پاس ایک یاد رکھنے والی کتاب

حَفِيْظٌ ﴿۴﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ

ہے بلکہ انھوں نے حق کو جھٹلایا جب وہ ان کے پاس آیا تو وہ ایک

فَهُمْ فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ﴿۵﴾ اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى

مضطرب بے ثبات بات میں ہیں۔ تو کیا انھوں نے اپنے اوپر آسمان کو

السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا

نہ دیکھا ہم نے اسے کیسا بنایا اور سنوارا اور اس میں

Marfat.com

لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ۝۶ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا

کہیں رخنہ نہیں ۔ اور زمین کو ہم نے پھیلایا

وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ

اور اس میں لنگر ڈالے اور اس میں ہر

كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۝۷ تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ

بارونق جوڑا اگایا سوجھ اور سمجھ ہر رجوع

عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝۸ وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

والے بندے کے لیے ۔ اور ہم نے آسمان سے برکت والا

مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ۝۹

پانی اتارا تو اس سے باغ اگائے اور اناج کہ کاٹا جاتا ہے

وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ ۝۱۰ رِّزْقًا

اور کھجور کے لمبے درخت جن کا پکا گابھا سندوں کی

لِّلْعِبَادِ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا كَذٰلِكَ

روزی کے لیے اور ہم نے اس سے مردہ شہر جلایا یونہی قبروں

الْخُرُوْجُ ۝۱۱ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ

سے تمہارا نکلنا ہے ۔ ان سے پہلے جھٹلایا نوح کی قوم

وَّاَصْحٰبُ الرَّسِّ وَثَمُوْدُ ۝۱۲ وَعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ

اور رس والوں اور ثمود اور عاد اور فرعون

وَاِخْوَانُ لُوْطٍ ۝۱۳ وَّاَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ وَقَوْمُ

اور لوط کے ہم قوموں اور بَن والوں اور تبع کی

Marfat.com

تُبَّعٍ ۚ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيدِ ﴿١٤﴾

قوم نے ان میں ہر ایک نے رسولوں کو جھٹلایا تو میرے عذاب کا وعدہ ثابت ہوگیا۔

أَفَعَيِينَا بِالْخَلْقِ الْأَوَّلِ ۚ بَلْ هُمْ فِي

تو کیا ہم پہلی بار بنا کر تھک گئے بلکہ وہ نئے بننے

لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيدٍ ﴿١٥﴾ ع وَلَقَدْ خَلَقْنَا ع ۱۵ ۱۵

سے شبہ میں ہیں، اور بے شک ہم نے آدمی

الْإِنسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهِ نَفْسُهُ ۖ

کو پیدا کیا اور ہم جانتے ہیں جو وسوسہ اس کا نفس ڈالتا ہے

وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ ﴿١٦﴾

اور ہم دل کی رگ سے بھی اس کے زیادہ قریب ہیں۔

إِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيَانِ عَنِ الْيَمِينِ

جب اس سے لیتے ہیں دو لینے والے ایک داہنے بیٹھا

وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيدٌ ﴿١٧﴾ مَّا يَلْفِظُ مِن

اور ایک بائیں۔ کوئی بات وہ زبان سے نہیں نکالتا

قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ رَقِيبٌ عَتِيدٌ ﴿١٨﴾ وَجَاءَتْ

کہ اس کے پاس ایک محافظ تیار نہ بیٹھا ہو اور آئی

سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ۖ ذَٰلِكَ مَا كُنتَ

موت کی سختی حق کے ساتھ یہ ہے جس سے تو

مِنْهُ تَحِيدُ ﴿١٩﴾ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ ۚ ذَٰلِكَ

بھاگتا تھا۔ اور صور پھونکا گیا یہ ہے وعدۂ

Marfat.com

يَوْمُ الْوَعِيْدِ ﴿٢٠﴾ وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ

عذاب کا دن اور ہر جان یوں حاضر ہوئی

مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِيْدٌ ﴿٢١﴾ لَقَدْ كُنْتَ فِيْ

کہ اس کے ساتھ ایک ہانکنے والا اور ایک گواہ بے شک تو اس سے

غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ

غفلت میں تھا تو ہم نے تجھ پر سے پردہ اٹھایا تو

فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿٢٢﴾ وَقَالَ قَرِيْنُهٗ

آج تیری نگاہ تیز ہے اور اس کا ہم نشین فرشتہ بولا

هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ ﴿٢٣﴾ اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ

یہ ہے جو میرے پاس حاضر ہے۔ حکم ہوگا تم دونوں جہنم میں

كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿٢٤﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ

ڈال دو ہر بڑے ناشکرے ہٹ دھرم کو جو بھلائی سے بہت روکنے والا حد سے بڑھنے والا

مُّرِيْبِ ﴿٢٥﴾ الَّذِيْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا

شک کرنے والا جس نے اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ٹھہرایا

اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ﴿٢٦﴾

تم دونوں اسے سخت عذاب میں ڈالو۔

قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ

اس کے ساتھی شیطان نے کہا ہمارے رب میں نے اسے سرکش نہ کیا ہاں یہ

كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ بَعِيْدٍ ﴿٢٧﴾ قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا

آپ ہی دور کی گمراہی میں تھا۔ فرمائے گا میرے پاس نہ جھگڑو

Marfat.com

لَدَیَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَیْكُمْ بِالْوَعِیْدِ ﴿۲۸﴾

میں تمہیں پہلے ہی عذاب کا ڈر سنا چکا تھا۔

مَا یُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَیَّ وَمَآ اَنَا بِظَلَّامٍ

میرے یہاں بات بدلتی نہیں اور نہ میں بندوں پر

لِّلْعَبِیْدِ ﴿۲۹﴾ ع یَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ ع ۲/۱۴ ۱۶

ظلم کروں۔ جس دن ہم جہنم سے فرمائیں گے کیا تو

امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِیْدٍ ﴿۳۰﴾

بھر گئی وہ عرض کرے گی کچھ اور زیادہ ہے۔

وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِیْنَ غَیْرَ بَعِیْدٍ ﴿۳۱﴾

اور پاس لائی جائے گی جنت پرہیزگاروں کے کہ ان سے دور نہ ہوگی

هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِیْظٍ ﴿۳۲﴾ ج

یہ ہے وہ جس کا تم وعدہ دیئے جاتے ہو ہر رجوع لانے والے نگہداشت والے کے لیے

مَنْ خَشِیَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَیْبِ وَجَآءَ

جو رحمٰن سے بے دیکھے ڈرتا ہے اور رجوع کرتا ہوا

بِقَلْبٍ مُّنِیْبِ ﴿۳۳﴾ لا ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ط ذٰلِكَ

دل لایا ان سے فرمایا جائے گا جنت میں جاؤ سلامتی کے ساتھ یہ

یَوْمُ الْخُلُوْدِ ﴿۳۴﴾ لَهُمْ مَّا یَشَآءُوْنَ فِیْهَا

ہمیشگی کا دن ہے ان کے لیے ہے اس میں جو چاہیں اور

وَلَدَیْنَا مَزِیْدٌ ﴿۳۵﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ

ہمارے پاس اس سے بھی زیادہ ہے اور ان سے پہلے ہم نے کتنی سنگتیں ہلاک

Marfat.com

مِّنۡ قَرۡنٍ هُمۡ اَشَدُّ مِنۡهُمۡ بَطۡشًا فَنَقَّبُوۡا

فرمادیں کہ گرفت میں ان سے سخت تھیں تو شہروں میں کاوشیں

فِى الۡبِلَادِؕ هَلۡ مِنۡ مَّحِيۡصٍ ﴿۳٦﴾ اِنَّ فِىۡ

کیں - ہے کہیں بھاگنے کی جگہ بے شک اس

ذٰلِكَ لَذِكۡرٰى لِمَنۡ كَانَ لَهٗ قَلۡبٌ اَوۡ

میں نصیحت ہے اس کے لیے جو دل رکھتا ہے ، یا

اَلۡقَى السَّمۡعَ وَهُوَ شَهِيۡدٌ ﴿۳۷﴾ وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا

کان لگائے اور متوجہ ہو اور بے شک ہم نے

السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَا فِىۡ سِتَّةِ

آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دن

اَيَّامٍ ۖ وَّمَا مَسَّنَا مِنۡ لُّغُوۡبٍ ﴿۳۸﴾ فَاصۡبِرۡ

میں بنایا اور تکان ہمارے پاس نہ آئی تو ان کی

عَلٰى مَا يَقُوۡلُوۡنَ وَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّكَ

باتوں پر صبر کرو اور اپنے رب کی تعریف کرتے ہوئے اس کی پاکی بولو

قَبۡلَ طُلُوۡعِ الشَّمۡسِ وَقَبۡلَ الۡغُرُوۡبِ ۚ﴿۳۹﴾

سورج چمکنے سے پہلے اور ڈوبنے سے پہلے ، اور

وَمِنَ الَّيۡلِ فَسَبِّحۡهُ وَاَدۡبَارَ السُّجُوۡدِ ﴿۴۰﴾

کچھ رات گئے اس کی تسبیح کرو اور نمازوں کے بعد

وَاسۡتَمِعۡ يَوۡمَ يُنَادِ الۡمُنَادِ مِنۡ مَّكَانٍ

اور کان لگا کر سنو جس دن پکارنے والا پکارے گا ایک پاس جگہ

Marfat.com

قَرِيْبٍ ﴿٤١﴾ يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ

سے ، جس دن چنگھاڑ سنیں گے حق کے ساتھ

ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿٤٢﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ

یہ دن ہے قبروں سے باہر آنے کا ۔ بے شک ہم جلائیں

وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ﴿٤٣﴾ يَوْمَ تَشَقَّقُ

اور ہم ماریں اور ہماری طرف پھرنا ہے جس دن زمین ان سے

الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ؕ ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا

پھٹے گی تو جلدی کرتے ہوئے نکلیں گے ، یہ حشر ہے ہم کو

يَسِيْرٌ ﴿٤٤﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ

آسان ، ہم خوب جان رہے ہیں جو وہ کہہ رہے ہیں اور کچھ تم

عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ قف فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ

ان پر جبر کرنے والے نہیں تو قرآن سے نصیحت کرو اسے جو

يَّخَافُ وَعِيْدِ ﴿٤٥﴾ ع ٣ ع ١٦ ١٧

میری دھمکی سے ڈرے ۔

فضائل سورۂ رحمٰن

سورۂ رحمٰن حسنِ عبارت اور حسنِ طرز کے لحاظ سے قرآنِ پاک کی زینت ہے ، اس سورت کی تلاوت میں ایسا اثر ہے کہ سننے والے پر بے حد خاموشی اور رقت طاری ہوتی ہے کیونکہ تفسیر ابنِ کثیر میں لکھا ہے کہ یہ سورت اپنے حسنِ عبارت اور عمدہ طرز ادائیگی میں دلہن کی طرح آراستہ و پیراستہ اور مزین ہے ۔

Marfat.com

جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کے سامنے اس سورت کی تلاوت کی تو صحابہ خاموش رہے۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، تم سے اچھے تو جن تھے جب بھی میں ان کے سامنے فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پڑھتا تو وہ کہتے کہ تیری کسی نعمت کی ہم ناشکری نہیں کرتے۔

سُوْرَۃُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِیَّۃٌ وَّہِیَ ثَمَانٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰیَۃً وَّثَلٰثُ رُکُوْعَاتٍ

سورۂ رحمٰن مدنی ہے اور اس میں اٹھہتر آیات اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا۔

اَلرَّحْمٰنُ ﴿۱﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ﴿۲﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ﴿۳﴾

رحمٰن نے (اپنے محبوب کو) قرآن سکھایا انسانیت (کی جان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو پیدا کیا

عَلَّمَہُ الْبَیَانَ ﴿۴﴾ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ﴿۵﴾

(ماکان ومایکون کا) بیان انہیں سکھایا سورج اور چاند حساب سے ہیں

وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ یَسْجُدٰنِ ﴿۶﴾ وَالسَّمَآءَ

اور ستارے اور پیڑ سجدہ کرتے ہیں ، اور آسمان کو

رَفَعَہَا وَوَضَعَ الْمِیْزَانَ ﴿۷﴾ اَلَّا تَطْغَوْا فِی

اللہ نے بلند کیا اور ترازو رکھی کہ ترازو میں بے اعتدالی

الْمِیْزَانِ ﴿۸﴾ وَاَقِیْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ

نہ کرو ، اور انصاف کے ساتھ تول قائم کرو

وَلَا تُخْسِرُوا الْمِیْزَانَ ﴿۹﴾ وَالْاَرْضَ وَضَعَہَا

اور وزن نہ گھٹاؤ ، اور زمین رکھی مخلوق

Marfat.com

لِلْاَنَامِ ۝١٠ فِيْهَا فَاكِهَةٌ ۙ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ

کے لیے اس میں میوے اور غلاف والی

الْاَكْمَامِ ۝١١ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ۝١٢

کھجوریں، اور بھس کے ساتھ اناج اور خوشبو کے پھول

فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝١٣ خَلَقَ

تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے اس نے آدمی

الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ۝١٤ وَخَلَقَ

کو بنایا بجتی مٹی سے جیسے ٹھیکری اور جن کو

الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ۝١٥ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ

پیدا فرمایا آگ کے لوکے سے، تو تم دونوں اپنے رب

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝١٦ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ

کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے، دونوں پورب کا رب اور دونوں

الْمَغْرِبَيْنِ ۝١٧ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝١٨

پچھم کا رب، تو تم دونوں اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ۝١٩ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ

اس نے دو سمندر بنائے کہ دیکھنے میں معلوم ہوں ملے ہوئے اور ہے ان میں روک

لَّا يَبْغِيٰنِ ۝٢٠ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٢١

کہ ایک دوسرے پر بڑھ نہیں سکتا، تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے،

يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ۝٢٢ فَبِاَيِّ

ان میں سے موتی اور مونگا نکلتا ہے۔ تو اپنے رب

Marfat.com

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٣﴾ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ

کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے۔ اور اسی کی ہیں وہ چلنے والیاں

فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿٢٤﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

کہ دریا میں اٹھی ہوئی ہیں جیسے پہاڑ، تو اپنے رب کی کونسی نعمت

ع ۱ ۲۵ ۱۱ تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٥﴾ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ﴿٢٦﴾ وَّيَبْقٰى

جھٹلاؤ گے، زمین پر جتنے ہیں سب کو فنا ہے اور باقی ہے

وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿٢٧﴾ فَبِاَيِّ

تمہارے رب کی ذات عظمت اور بزرگی والا، تو اپنے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٨﴾ يَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِي

رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے، اسی کے منگتا ہیں جتنے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ

آسمانوں اور زمین میں ہیں اسے ہر دن ایک کام

شَاْنٍ ﴿٢٩﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٠﴾

ہے، تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے،

سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ﴿٣١﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

جلد سب کام نبٹا کر ہم تمہارے حساب کا قصد فرماتے ہیں اے دونوں بھاری گروہ تو اپنے

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٢﴾ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ

رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے، اے جن و انسان کے گروہ اگر تم سے

اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ

ہوسکے کہ آسمانوں اور زمین کے کناروں سے نکل

Marfat.com

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ

جاؤ تو نکل جاؤ، جہاں نکل کر جاؤ گے

اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿۳۳﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۳۴﴾

اسی کی سلطنت ہے، تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے،

یُرْسَلُ عَلَیْکُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ۬ وَّ نُحَاسٌ

تم پر چھوڑی جائے گی بے دھوئیں کی آگ کی لپیٹ اور بے لپیٹ کا کالا دھواں

فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿۳۵﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۳۶﴾

تو پھر بدلہ نہ لے سکو گے تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے،

فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَکَانَتْ وَرْدَةً

پھر جب آسمان پھٹ جائے گا تو گلاب کے پھول سا ہو جائے گا جیسے سرخ

کَالدِّهَانِ ﴿۳۷﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۳۸﴾

نری، تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے۔

فَیَوْمَئِذٍ لَّا یُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ اِنْسٌ وَّ لَا

تو اس دن گنہگار کے گناہ کی پوچھ نہ ہوگی کسی آدمی اور جن

جَآنٌّ ﴿۳۹﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾

سے، تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے،

یُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِیْمٰهُمْ فَیُؤْخَذُ

مجرم اپنے چہرے سے پہچانے جائیں گے تو ماتھا اور پاؤں

بِالنَّوَاصِیْ وَ الْاَقْدَامِ ﴿۴۱﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

پکڑ کر جہنم میں ڈالے جائیں گے، تو اپنے رب کی

Marfat.com

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٢﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِیْ

کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ، یہ ہے وہ جہنم جسے مجرم

يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٤٣﴾ يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا

جھٹلاتے ہیں ، پھیرے کریں گے اس میں اور انتہا

وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ﴿٤٤﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

کے جلتے کھولتے پانی میں ، تو اپنے رب کی کون سی نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٥﴾ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ

جھٹلاؤ گے ، اور جو اپنے رب کے حضور کھڑے ہونے سے ڈرے اس کے لیے دو

جَنَّتٰنِ ﴿٤٦﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٧﴾

جنتیں ہیں ، تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ،

ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿٤٨﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

بہت سی ڈالوں والیاں ، تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے ،

تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٩﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ﴿٥٠﴾ فَبِاَیِّ

ان میں دو چشمے بہتے ہیں ، تو اپنے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥١﴾ فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ

رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ، ان میں ہر میوہ دو

فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿٥٢﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

دو قسم کا ، تو اپنے رب کی کونسی نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٣﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰی فُرُشٍۭ بَطَآئِنُهَا

جھٹلاؤ گے ، اور ایسے بچھونوں پر تکیہ لگائے جن کا

وقف لازم

ع ٢٠/٢ ١٢

Marfat.com

مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ؕ وَجَنَا الْجَنَّتَیْنِ دَانٍ ﴿۵۴﴾

استر قنادیز کا اور دونوں کے میوے اتنے جھکے ہوئے کہ نیچے سے چن لو

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۵۵﴾ فِیْهِنَّ قٰصِرٰتُ

تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے ان بچھونوں پر وہ عورتیں ہیں کہ

الطَّرْفِ ۙ لَمْ یَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا

شوہر کے سوا کسی کو آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھتیں ان سے پہلے انہیں نہ چھوا کسی آدمی

جَآنٌّ ﴿۵۶﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۵۷﴾

اور نہ جن نے ، تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ۔

کَاَنَّهُنَّ الْیَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ﴿۵۸﴾ فَبِاَیِّ

گویا وہ یاقوت اور مونگا ہیں ، تو اپنے رب

اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۵۹﴾ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ

کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ۔ نیکی کا بدلہ کیا ہے

اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿۶۰﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا

مگر نیکی ، تو اپنے رب کی کون سی نعمت

تُکَذِّبٰنِ ﴿۶۱﴾ وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿۶۲﴾ فَبِاَیِّ

جھٹلاؤ گے ، اور اس کے سوا دو جنتیں اور ہیں ، تو اپنے رب

اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۶۳﴾ مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿۶۴﴾ فَبِاَیِّ

کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ، نہایت سبزی سے سیاہی کی جھلک دے رہی ہیں تو

اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۶۵﴾ فِیْهِمَا عَیْنٰنِ

اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ، ان میں دو چشمے ہیں

Marfat.com

نَضَّاخَتٰنِ ﴿٦٦﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٧﴾

چھلکتے ہوئے ، تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ،

فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ﴿٦٨﴾ فَبِاَيِّ

ان میں میوے اور کھجوریں اور انار ہیں ، تو اپنے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٩﴾ فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ

